© rasailojaraid.com



پروفیسر محمد اکرام تائبؔ

# نعت رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

مقامِ حبیبِ خدا اللہ اللہ
خدا بھی ہے جس پہ فدا اللہ اللہ

رخِ والضحیٰ پہ یہ والّیل زلفیں
یہ غازۂ صدق و صفا اللہ اللہ

فرشتے اترتے ہیں دینے سلامی
یہ روضۂ خیرالوریٰ اللہ اللہ

غریبوں ، یتیموں ، ضعیفوں کے ماویٰ
غلاموں کے ہیں ہم نوا اللہ اللہ

کرے کون محشر کو اپنی شفاعت
بجز ایک تیرے سوا اللہ اللہ

وہ دیتے ہیں بھر بھر کے جھولی سبھی کو
زمانہ ہے سارا گدا اللہ اللہ

کھِلی ہیں خلوص و عقیدت کی کلیاں
یہ صحنِ حرم کی فضا اللہ اللہ

اٹھوں میں بھی اُن کے غلاموں میں تائبؔ
یہی ہے مری بس دعا اللہ اللہ



© rasailojaraid.com